# دستورالعمل

2020-21

## تعلیمی کورسز

سیکنڈری اور سینئر سیکنڈری

نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اوپن اسکولنگ

(ISO 9001-2008 Certified)

وزارت برائے فروغ انسانی وسائل MHRD

حکومت ہند کے تحت ایک خودمختار ادارہ

NIOSHQ | @niostwit | www.nios.ac.in

# چیئرمین کا پیغام

عزیز طالب علم

تعلیم کے طریقۂ کار میں عالمگیر پیمانے پر تبدیلیاں ہورہی ہیں۔ تعلیمی طریقہ کار کا ارتکاز اب اُستاد سے طالب علم کی جانب تبدیل ہو چکا ہے۔ تعلیم اب گذشتہ روایت یعنی استاد پر مجموعہ کے برخلاف طالب علم پر مرتکز ہے۔ طالب علم سے اب اپنے مضامین کے انتخاب اور تعلیمی طریقہ کار کے سلسلہ میں پہلے سے زیادہ ذمہ دار ہونے کی توقع کی جاتی ہے۔ اب بالغان کی ایک بڑی تعداد نے کلاس روم تدریس طریقہ کار کے ذریعہ نہیں بلکہ خود اپنے آپ اپنے طریقہ سے اپنی جگہ پر تعلیم حاصل کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ اب وہ آن لائن کورسیز اور انٹرنیٹ پر دستیاب اپنے ریکارڈ شدہ لیکچرز کی مدد سے تعلیم حاصل کرتا ہے۔ مواصلاتی تکنالوجی کی ایجاد اوران کی آسانی سے دستیابی نے ہماری زندگیوں میں تبدیلیاں کردی ہیں۔ طالب علم کے جو نصابی میدانوں سے آگے دوسرے میدانوں مثلاً کھیل کود، موسیقی وغیرہ میں آگے بڑھنا چاہتے ہیں یا زندگی میں بہتری لانے کے لیے اعلیٰ تعلیمی چیلنج کا سامنا کرنا چاہتے ہیں۔ عملی اور فاصلاتی تعلیمی طریقہ سے تعلیم حاصل کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ آج وہ زیادہ تر غیر ہدایتی مواد مطبوعہ یا غیر مطبوعہ پر انحصار کرتا ہے۔

نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اوپن اسکولنگ اسکولی تعلیم کے دوقومی بورڈوں میں سے ایک ہے۔ یہ او.ڈی.ایل (کھلی اور فاصلاتی تعلیم) این آئی اوایس کے ذریعہ تعلیم فراہم کرتا ہے۔ یہ سب سے بڑی تعداد میں اندراج داخلہ اور سب سے زیادہ مضامین کے ساتھ دنیا کا سب سے بڑا اوپن اسکول ہے۔ اشاعتی الیکٹرانک اور ریڈیو پروگراموں پر مبنی مواد کی مدد سے تعلیم فراہم کرتا ہے۔ این آئی اوایس کو ماقبل ڈگری تک طالب علموں کا اندراج کرنے ان کو پرکھنے اور ان کو سرٹیفکیٹ جاری کرنے کا انحصار حاصل ہے۔ نیشنل اوپن اسکول کی تعلیم کے اوپن اسکولی نصابات اسکولی تعلیم کے دوسرے قومی ریاستی بورڈوں کے معیار جیسا اوران کے مساوی ہے۔ طالب علم این آئی اوایس سے اپنی تعلیم مکمل کرنے کے بعد کا مجموعی اور پیشہ وارانہ اداروں میں داخلے لیتے ہیں۔ این آئی اوایس مختلف تعلیمی امور پیشہ وارانہ اداروں/تنظیموں میں مصروف کار ماہرین کی مدد سے اپنے نصابات خود تعلیمی مواد اور میڈیا سپورٹ پروگرام تیار کرتا ہے۔ اوپن اسکولنگ تعلیم میں لچکداری اور آزادی کو بڑھاوا دیتی ہے۔ طالبہ علم کسی بھی وقت خود اپنے آپ اور اپنی جگہ پر تعلیم حاصل کرسکتا ہے۔

میں نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اوپن اسکولنگ کے ذریعہ تعلیم حاصل کرنے کے آپ کے فیصلہ پر آپ کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ اب آپ این آئی اوایس برادری کے قابل فخر اور فاضل ممبر ہیں۔ سی این آئی اوایس میں آپ سبھی کا خیر مقدم کرتا ہوں۔

عام طور پر سمجھا جاتا ہے کہ فاصلاتی تعلیم آسان ہے۔ یہ توقع کی جاتی ہے کہ قومی یا ریاستی سطح کے تعلیمی بورڈوں یا این آئی اوایس کے ذریعہ سرٹیفکیٹ حاصل کرنے والے سبھی طالب علموں کے لیے مضامین کی افہام تفہیم کی سطح یا تعلیمی سطح یکساں ہوگی۔ کسی کلاس روم میں طالب کو کم کوشش کرنی پڑتی ہے اس لیے اُستاد طالب علم کے لیے لیکچر تیار کرتا ہے اور اس کو ان طالب علموں کے سامنے سناتا ہے جو کمزور ہوتے ہیں یا دوسرے لفظوں میں جن کو سہارے کی ضرورت پڑتی ہے۔ تعلیم کے او.ڈی.ایل طریقہ کار میں طالب علم زیادہ خود تربیتی ہوتا ہے۔ اس لیے کہ اس کو خود ہدایتی مواد کو پڑھنا ہوتا ہے اور ریکارڈ شدہ لیکچرز کو خود ہی سننا یا دیکھنا ہوتا ہے۔ اس

طرح کی تعلیم میں طالب علم زیادہ ذمہ داراور خود نظمی ہوتا ہے۔این آئی اوایس کے امتحانات کا معیاراور سخت تجزیاتی طریقہ کار گوکم مشکل نہیں ہے لیکن دوسرے تعلیمی بورڈوں کے معیار کے مساوی ہے۔آپ کو روایتی اسکولی نظام میں مصروف تعلیم اپنے دوسرے ساتھیوں کے مقابلہ میں اورزیادہ آزمائشی فرائض کا سامنا کرنا ہے۔ میں اس تعلیم کو اپنانے پر آپ کو اور آپ کے فیصلہ کا خیر مقدم کرتا ہوں۔

جیسا کہ آپ سبھی کو معلوم ہے کہ این آئی اوایس میں اب ۱۰۰ فی فصد داخلے آن لائن اس کی ویب سائٹ www.nios.ac.in کے ذریعہ ہوتے ہیں۔ ڈیجیٹل کاری کی جانب ایک اور قدم بڑھاتے ہوئے اور داخلہ کے طریقہ کار کو طالب علم کے لیے اور زیادہ آسان بنانے کی غرض سے این آئی اوایس نے اسی سال سے موبائل ایپ کے ذریعہ داخلوں کا سلسلہ بھی شروع کیا ہے۔جس کا نام NIOS. SMIS (www.nios.ac.in) ہے۔این آئی اوایس کے طالب علم کا داخلہ لینے سے فائنل سرٹیفکیشن تک کا پورا سلسلہ اس موبائل ایپ پر دستیاب ہوگا۔این آئی اوایس کی ہر ایک سرگرمی کے بارے میں طالب علم کو اسی موبائل ایپ کے ذریعہ مطلع کیا جائے گا۔داخلہ آدھار کارڈ کے ذریعہ ہوگا اور اس سے مرعوبی ہوگا۔اس کی وجہ سے این آئی اوایس کے ہر طالب علم کے بارے میں درست ڈیٹا حاصل کرنے میں مدد ملے گی اور اس کی وجہ سے داخلہ کے عمل میں غلطیوں کو کم کرنے میں مدد بھی ملے گی۔اس سال سے سینئر سیکنڈری سطح پر فزیکل ایجوکشن اور یوگا فوجی مطالبات اور فوجی تاریخ کے نئے مضامین کو شروعد کیا جارہا ہے اور ثانوی نصابات میں سندھی ہندوستانی اور کنٹر سنگیت کو نئے مضامین کے طور پر شامل کیا گیا ہے۔ براہِ کرم یادر کھیے کہ آن لائن داخلہ کی اسکیم کے تحت داخلہ کی فیس اور امتحان کی فیس کی ادائیگی صرف آن لائن ہی کی جائے گی۔ یہ فیس چیک/ بینک ڈرافٹ وغیرہ کے ذریعہ ادانہیں کی جاسکتی۔

آپ کی فیس کی موصولی ہونے پر بلکہ داخلہ کی تصدیق ہونے سے قبل ہی این آئی اوایس آپ کا مطالعاتی مواد بھیج دے گا۔ یہ مواد حکومت ہند کے شعبۂ ڈاک کے ذریعہ بھیجا جائے گا۔آپ کو اس کے لئے کوئی ادائیگی نہیں کرنی ہے۔اس کو آپ کے دیئے گئے پتے پر مفت ارسال کیا جائے گا۔مطالعاتی مواد کی لاگت آپ کی فیس میں شامل ہوتی ہے۔مطالعاتی مواد کا مطالعہ اپنے AI (مطالعاتی مرکز) کونسلنگ شیڈول یا جس کو عام طور پر ذاتی رابطہ پروگرام (پی سی پی) کے طور پر جانا جاتا ہے، کی اطلاع ملنے کے ساتھ ہی شروع کر دیجیے۔این آئی اوایس کے تعلیمی طریقہ کو پوری طرح اور تفصیل سے سمجھنے کے لیے دستور العمل کے باب۔3 کا دھیان سے مطالعہ کیجیے۔ذاتی رابطہ پوگرام (پی سی پی) کی کلاسوں میں آپ کی حاضری اسی مضامین کے ساتھ جڑی ہوئی دشواریوں کو حل کرنے کے لیے آپ کے استاد کے ساتھ رابطہ کا موقعہ دے گی جن کا آپ نے انتخاب کیا ہے۔میری آپ کے لیے سنجیدہ ہدایت یہ ہے کہ آپ اپنے اسائمنٹس کو سنجیدگی سے حل کریں۔آپ کے اسائمنٹ کی جوابی کاپیاں آپ کے استاد کے ذریعہ مطالعاتی مرکز پر جانچی جاتی ہیں۔آپ کے اسائمنٹ جوابی کاپیوں پر جن کو ٹیوٹر مارکز اسائمنٹ (ٹی ایم اے) کے طور پر جانا جاتا ہے، آپ کے استاد کے پیش تحقیق تبصرات اور ہدایات تدریس، تعلیم کی حکمت عملیوں کے لیے کارآمد ثابت ہوگی۔اگر آپ کے مطالعاتی مرکز کی جانب سے اطلاع نہیں دی جاتی تو آپ ان کو خود فون کریں یا مختص کردہ AI پر جائیں اور کاؤنسلنگ شیڈول کے بارے میں معلوم کریں۔کاؤنسلنگ کے دوران آپ اپنے مطالعاتی مواد کے کسی بھی موضوع کے بارے میں اپنی الجھنوں اور دشواریوں کو دور کر سکتے ہیں۔آپ مکت ودیاوانی، این آئی اوایس کے ویب ایڈریس پر بھی لیکچرز کو سن سکتے ہیں۔اسی کو سرچ کیجیے اور لیکچرز کو سنیے اور آپ اس کے بارے میں سوالات کر سکتے ہیں اور فوراً ہی ان کے جواب حاصل کر سکتے ہیں۔اسی سے پوری طرح سے فائدہ اٹھائیے۔آپ کو ہر قدم پر ایس ایم ایس ملتے رہیں گے۔آپ ہم سے ہمارے مفت ٹیلی فون نمبر 1800-180-9393 پر بھی رابطہ کر سکتے ہیں اور ہم سے ای میل آئی ڈی lsc@nios.ac.in پر بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔ اگر آپ مجھ سے کچھ معلوم کرنا چاہتے ہیں تو آپ میری ای۔میل ایڈریس cm@nios.ac.in پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

این آئی اوایس برادری میں پھر ایک بار آپ کا خیر مقدم ہے۔

# دستورالعمل

2020-21

## تعلیمی کورسز

سیکنڈری اور سینئر سیکنڈری

نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اوپن اسکولنگ

(ISO 9001-2008 Certified)

وزارت برائے فروغ انسانی وسائل، حکومت ہند کے شعبہ اسکولی تعلیم اور خواندگی کے تحت ایک خودمختار ادارہ

NIOSHQ | @niostwit | www.nios.ac.in

لرنر سپورٹ سنٹر ٹول فری نمبر: 1800 180 9393 ای میل: lsc@nios.ac.in

NIOS: دنیا میں سب سے بڑا اوپن اسکولنگ نظام اور CBSE/CISCE کے مساوی حکومت ہند کا ایک امتحان بورڈ

# نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اوپن اسکولنگ کو منتخب کرنے کی وجوہات

۱۔ سیکھنے کی آزادی

این آئی او ایس کا بنیادی مقصد ''ہر فرد تک رسائی ہے'' این آئی او ایس تعلیم کی آزادی کے اصول پر عمل پیرا ہے۔ یعنی اسی کا فیصلہ طالب کو کرنا ہے کہ کیا سیکھنا ہے، کب سیکھنا ہے، کس طرح سیکھنا ہے اور امتحان کب دینا ہے، اس میں وقت، جگہ اور سیکھنے کی رفتار کی کوئی پابندی نہیں ہے۔

۲۔ لچکداری

این آئی او ایس درج ذیل میں لچکداری فراہم کرتا ہے۔

☆ مضامین کا انتخاب: طالب علم کو کامیابی کے معیار کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنے مضامین کا انتخاب کرنے کی آزادی ہے۔

☆ داخلہ: طالب علم مطالعاتی مراکز، سہولیاتی مراکز اور علاقائی مراکز اور علاقائی مراکز کے ذریعہ سیکنڈری اور سینئر سیکنڈری ایجوکیشن کے مختلف مضامین میں آن لائن داخلہ لے سکتا ہے۔

☆ امتحان: سال میں دو مرتبہ عام امتحانات ہوتے ہیں۔ طالب علم کو پانچ برسوں میں امتحان کے 9 موقعہ دیئے جاتے ہیں کوئی بھی طالب علم اس مدت کے دوران امتحان میں شامل ہوسکتا ہے اور وہ اس وقت امتحان دے سکتا ہے جب وہ پوری طرح سے تیار ہو اور وہ کریڈیٹ اکیومولیشن کی سہولت سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔

☆ مطالبہ پر امتحان: طالب علم سیکنڈری اور سینئر سیکنڈری سطح پر این آئی او ایس کے مطالبہ پر امتحان کے نظام (او ڈی ای ایس) کے تحت امتحان دے سکتا ہے۔ یہ امتحانات نوئیڈا میں این آئی او ایس کے ہیڈ کوارٹر این آئی او ایس کے علاقائی مراکز اور اور پورے ہندوستان میں متعین کیندریہ ودیالوں میں دیئے جا سکتے ہیں۔

۳۔ موزونیت

این آئی او ایس کے کورسیز اور پروگرام کارآمد ہیں یہ روزمرہ کی زندگی کے لیے فائدہ مند ہیں اور آگے کی تعلیم کے لیے راستہ ہموار کرتے ہیں۔ این آئی او ایس کے کامیاب طلباء آئی آئی ٹی دہلی یونیورسٹی، جامعہ ہمدرد، جامعہ ملیہ اسلامیہ، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، پنجاب یونیورسٹی، الہ آباد یونیورسٹی اور اعلیٰ تعلیم کے دوسرے کئی اداروں اور پیشہ وارانہ اداروں سے اپنی آگے کی تعلیم حاصل کرنے میں مصروف ہیں۔

۴۔ ٹرانسفر آف کریڈٹس (کریڈٹ کی منتقلی)

این آئی او ایس ان بین الاقوامی قومی اور ریاستی بورڈوں سے پاس کیے ہوئے دو مضامین تک کے ٹرانسفر آف کریڈیٹ کی اجازت دے کر جن کے ساتھ این آئی او ایس کا سمجھوتہ ہے، گذشتہ افہام تفہیم کو تسلیم کرتا ہے۔

۵۔ معیاری تعلیم کی شناخت

نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اوپن اسکولنگ نے معیاری تعلیم فراہم کرنے کا ہوشمندانہ قدم اٹھایا ہے۔ حکومت ہند نے این آئی او ایس کو عام امتحانات منعقد کرانے اور ثانوی اور سینئر سیکنڈری سطح کے سرٹیفکیٹ جاری کرنے کا اختیار دیا ہے۔ جو اسکولی امتحانات کے کسی دوسرے بوڈر کے ذریعہ فراہم کردہ سرٹیفکیٹ کے مساوی ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ سبھی امتحانی بورڈ خواہ قومی سطح کے ہو یا ریاستی سطح کے ہو، قومی کونسل برائے تعلیمی ریسرچ اور تربیت (این سی ای آر ٹی) کے ذریعہ جاری کردہ قومی نصابی فریم ورک پر عمل کرتے ہیں۔ این آئی او ایس تین قومی بورڈوں میں سے ایک ہے۔ دیگر دو بورڈ سینٹرل بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن (سی بی ایس ای) اور کونسل فار انڈین اسکولی سرٹیفکیٹ ایگزامنیشن (سی آئی ایس سی ای) ہیں۔

# بار بار پوچھے جانے والے سوالات

## این آئی او ایس اور اس کے پروگرام -

۱۔ این آئی او ایس میں داخلہ لینے کا کیا طریقہ ہے؟

جواب این آئی او ایس میں ثانوی اور سینئر سیکنڈری سطحوں پر 100 فی صد داخلے آن لائن ہوتے ہیں اس کا مقصد طالب علم کے لیے رجسٹریشن کو آسان بنانا ہے۔ اس اسکیم کے تحت طالب علم کے سامنے تین انتخاب ہیں:

(i) وہ این آئی او ایس کی ویب سائٹ یعنی (www.nios.ac.in) پر جا کر راست طور پر داخلہ لے سکتا ہے۔

(ii) وہ اپنے قریبی AI مطالعاتی مرکز، سہولیاتی مرکز پر جا سکتا ہے اور آن لائن رجسٹریشن میں مدد لے سکتا ہے۔

(iii) وہ این آئی او ایس کے متعلقہ علاقائی مرکز پر جا سکتا ہے اور آن لائن رجسٹریشن میں مدد لے سکتا ہے۔

(iv) وہ پورے ملک میں آن لائن رجسٹریشن کے لیے حکومت ہند کے کامن سروس مراکز کی خدمات حاصل کر سکتا ہے۔

۲۔ سیکنڈری کورس میں داخلے کے لیے کن لیاقتوں کی ضرورت ہے؟

جواب

- وہ طالب علم جس نے آٹھویں کلاس پاس کی ہو اور جس کے پاس 14 سال عمر ہونے کا مصدقہ ثبوت ہو، سیکنڈری کورس میں رجسٹریشن کے لیے درخواست دے سکتا ہے۔
- وہ طالب علم جو اپنے آپ یہ کہے کہ میں نے تعلیم حاصل کی ہے اور میں سیکنڈری کورس میں پڑھ سکتا ہوں سیکنڈری کورس میں داخلہ کا اہل ہے۔
- وہ طالب علم جس نے سیکنڈری سطح تک تعلیم حاصل کی ہو اپنے کورس کو پورا کرنے یا اپنی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لیے این آئی او ایس میں داخلہ لے سکتا ہے۔
- طالب کا رہائشی ثبوت ضروری ہے۔

۳۔ تاریخ پیدائش کا مصدقہ ثبوت کیا ہے؟

جواب میونسپل کارپوریشن، کسی میونسپل ادارے دیہی پنچایت یا رجسٹرار پیدائش اور اموات، حکومت ہند کے ذریعہ مختار بنائے گئے کسی دیگر ادارے کے ذریعہ جاری کردہ تاریخ پیدائش کا اور حکومت کے ذریعہ جاری کردہ آدھار کارڈ مصدقہ ثبوت ہے۔ تاہم یتیموں اور سڑک پر چلنے والے بچوں کے معاملہ میں سرکاری اسپتال کے ذریعہ جاری کردہ پیدائشی سرٹیفکیٹ بھی تاریخ پیدائش کے سلسلہ میں قابلِ تسلیم ثبوت ہے۔

۴۔ داخلہ کی تصدیقی مدت کیا ہے؟

جواب داخلہ (رجسٹریشن کے بعد) داخلہ کی تاریخ سے پانچ سال تک کی مدت تک مصدقہ ہے۔

۵۔ کیا این آئی او ایس فیس میں تخفیف کرتا ہے؟

جواب نہیں این آئی او ایس کے قوانین کے مطابق تخفیف صرف طالبات ایس سی، ایس ٹی، سابق فوجیوں اور معذوروں کے لیے ہے۔

۶۔ کیا کوئی طالب علم سینئر سیکنڈری کورسیس میں راست طور پر داخلہ لے سکتا ہے۔

جواب نہیں، سینئر سیکنڈری میں داخلہ کے لیے طالب علم کو تسلیم شدہ بورڈ سے سیکنڈری کورس کو پاس کرنا لازمی ہے۔

۷۔ سینئر سیکنڈری کورس میں داخلہ کے لیے کم سے کم عمر کیا ہے؟

جواب سینئر سیکنڈری کورس میں داخلہ کے لیے کم سے کم عمر 15 سال ہے۔

۸۔ این آئی او ایس میں تعلیم کے لیے کون کون سی زبانیں ہیں؟

جواب این آئی او ایس سیکنڈری تعلیم انگریزی، ہندی، اردو، مراٹھی، اڑیا، تیلگو، گجراتی، تامل، ملیالم اور پنجابی میڈیم میں فراہم کرتا ہے اور سینئر سیکنڈری کورس انگریزی، ہندی، اڑیا، مراٹھی، بنگالی، گجراتی اور اردو میڈیم میں فراہم کی جاتی ہے۔

۹۔ سیکنڈری کورس (X کورس) کے لیے کون سے مضامین ہیں؟

جواب انگریزی، ہندی، اردو، سنسکرت، بنگالی، اُڑیا، گجراتی، کنٹر، پنجابی، آسامی، نیپالی، ملیالم، عربی، فارسی، تامل، سندھی، ریاضی، سائنس اور ٹکنالوجی، سوشل سائنس، معاشیات کاروباری مطالعہ (بزنس اسٹیڈیز) سائنس، نفسیات، ہندوستانی ثقافت اور ورثۂ پینٹنگ، ڈیٹا اندراج اکاؤنٹس، ہندوستانی سنگیت، ویدادھین، سنسکرت ویاکرن، بھارتیہ درشن، سنسکرت ادب۔ (35 زبانوں سمیت 3 مضامین)

۱۰۔ سینئر سیکنڈری (XII کلاس) کے لیے کون کون سے مضامین فراہم ہیں؟

جواب ہندی، انگریزی، بنگالی، اڑیا، تامل، اردو، سنسکرت، پنجابی، بنگالی، فارسی، عربی، ملیالم، ریاضی، فزکس، کیمسٹری، بائلوجی، تاریخ، جغرافیہ، سیاسیات، معاشیات، بزنس اسٹیڈیز، اکاؤنٹس، ہوم سائنس، نفسیات، کمپیوٹر سائنس، سوشیالوجی، پینٹنگ، ماحولیاتی سائنس، ماس کمیونیکشن، ڈیٹا انٹری، قانون کا تعارف، لائبریری اور انفارمیشن سائنس، ویدادھین، سنسکرت ویاکرن، بھارتیہ درشن، سنسکرت ادب، فزیکل ایجوکیشن اور یوگا فوجی مطالعہ، فوجی تاریخ، بچے کی ابتدائی دیکھ بھال اور تعلیم۔ (12 زبانوں سمیت 41 مضامین)

۱۱۔ کیا طالب علم اپنے داخلہ کی مدت کے دوران اپنے مضامین تبدیل کرسکتا ہے؟

جواب جی ہاں، طالب علم ایک یا ایک سے زیادہ مضامین کو تبدیل کرسکتا ہے۔ بشرطیکہ ان کی تعداد 7 سے زیادہ نہ ہو۔ پاس کیے گئے مضامین کو تبدیل نہیں کیا جاسکتا۔

۱۲۔ کامیابی کا سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے لیے کتنے مضامین لینے کی ضرورت ہے؟

جواب سیکنڈری سطح پر پاس سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے لیے طالب علم کو پانچ مضامین میں جن میں ایک یا ایک سے زیادہ دو زبانیں بھی شامل ہیں۔ کامیابی حاصل کرنا ضروری ہے۔

۱۳۔ کیا طالب علم اضافی مضامین میں بھی داخلہ لے سکتا ہے؟

جواب ایک طالب علم دو اضافی مضامین لے سکتا ہے۔ چنانچہ کل ملا کر وہ زیادہ سے زیادہ سات مضامین لے سکتا ہے۔

۱۴۔ رجسٹریشن کے لیے داخلہ فیس اور امتحان کی فیس کیا ہے؟

جواب رجسٹریشن اور امتحانی فیس کا موجودہ خاکہ این آئی او ایس کی ویب سائٹ اور پراسپکٹس میں موجود ہے۔

۱۵۔ کیا کوئی طالب علم اسکولی تعلیم کے رسمی بورڈ سے سیکنڈری/سینئر سیکنڈری کورس میں کامیابی حاصل کرنے کے بعد این آئی او ایس کے سیکنڈری/سینئر سیکنڈری کورس میں داخلہ لے سکتا ہے؟

جواب جی ہاں، اس صورت میں کہ طالب علم نے اسکولی تعلیم کے کسی ریاستی یا قومی بورڈ سے سیکنڈری/سینئر سیکنڈری کورس مکمل کیا ہے اور وہ این آئی او ایس میں اسی کورس میں داخلہ لینا چاہتا ہے تو اس کو این آئی او ایس میں چار مضامین تک داخلہ لینے کی اجازت ہوگی۔ این آئی او ایس سے یہ کورس مکمل کرنے کے بعد اس کو صرف مارک شیٹ ملے گی۔ ڈائل/ پارٹ داخلہ سکیم کے تحت اس کو کوئی سرٹیفکیٹ نہیں دیا جائے گا۔

۱۶۔ طالب علم اپنے داخلہ کی تصدیق کس طرح کرے گا؟

جواب کسی مخصوص کورس میں داخلہ کی تصدیق این آئی او ایس عام طور پر اپنے پاس موجود طالب علم کے داخلہ کی دستاویزات کے مطابق شناختی کارڈ جاری کر کے کرتا ہے۔ داخلہ کی تصدیق ہونے کے بعد طالب علم کو اس کے انرولمنٹ نمبر (اندراج نمبر) سے مطلع کیا جاتا ہے۔

۱۷۔ طالب علم خود ہدایتی مواد کس طرح حاصل کرے؟

جواب مختلف مضامین کے لیے مخصوص طریقہ سے تیار کیا گیا خود ہدایتی مواد، امدادی مواد کے ساتھ طالب علم کے گھر کے پتے پر فراہم کیا جاتا ہے۔ اس لیے طالب علم سے اپنے گھر کا مکمل اور درست پتہ دینے کی توقع کی جاتی ہے۔

۱۸۔ اس صورت میں کم مطالعاتی مواد کا پارسل نہیں پہونچا تو طالب علم اس کو کس طرح حاصل کر سکتا ہے؟

جواب اس صورت میں کم مطالعاتی مواد کا پارسل نہیں پہونچا تو طالب علم کو مطالعاتی مواد کو دوبارہ منگوانے کے لیے میٹریل ڈسٹر بیوشن، یونٹ معرفت سی ڈبلیو سی جی، ٹی، کرنال روڈ، رانا پرتاپ باغ، دہلی 110033 کو آن لائن کریڈیٹ کارڈ، ڈیبٹ کارڈ، نیٹ بینکنگ کے ذریعہ 100 روپے (سو روپے) بھیجنا ہوں گے۔

۱۹۔ کیا داخلہ ریکارڈز میں سدھار کا بندوبست موجود ہے؟

جواب چونکہ داخلہ 100 فی صد آن لائن ہے اس لیے طالب علم کو اپنے داخلہ فارم کو بھرتے وقت کافی احتیاط سے کام لینا چاہیے۔ تاہم غلطیوں کو این آئی او ایس کی ویب سائٹ پر موجود گائڈ لائن کے مطابق سدھارا جائے گا۔

۲۰۔ کیا این آئی او ایس ڈپلی کیٹ شناختی کارڈ جاری کرتا ہے؟

جواب جی ہاں! شناختی کارڈ کھو جانے کی صورت میں ڈپلی کیٹ شناختی کارڈ جاری کیا جاسکتا ہے۔ ڈپلی کیٹ شناختی کارڈ حاصل کرنے کے لیے سب سے پہلے تو متعلقہ تھانے میں ایف آئی آر کرانی ہوگی۔ پھر ای۔ سروس کے ذریعہ آن لائن درخواست دینی ہوگی، طالب علم کو ایف آئی آر کی نقل لگانی ہوگی اور آن لائن -/100 روپے فیس جمع کرنی ہوگی۔ اگر دوسری بار شناختی کارڈ کھوتا ہے تو ڈپلی کیٹ شناختی کارڈ کے لیے -/500 روپے فیس جمع کرنی ہوگی۔

۲۱۔ کیا طالب علم مضامین کے کسی بھی تال میل کا انتخاب کر سکتا ہے؟

جواب جی ہاں! طالب علم این آئی او ایس کی ویب سائٹ ''دستور العمل'' میں موجود فہرست سے کامیابی معیار اور سرٹیفکیٹ معیار کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنی مرضی کے مضامین کا انتخاب کر سکتا ہے۔ اس میں آگے کی تعلیم کے لیے دیگر بورڈ/ یونیورسٹی کے تقاضوں کو بھی مدنظر رکھنا چاہیے۔

۲۲۔ کیا طالب علم سیکنڈری، سینئر سیکنڈری سطح پر تعلیمی کورسوں کے ساتھ پیشہ وارانہ مضامین بھی لے سکتا ہے؟

جواب این آئی او ایس کے نصابات کو اور زیادہ بامعنی بنانے کے لیے پیشہ وارانہ مضامین کو الگ سے بھی پیش کیا جاتا ہے اور ان پیشہ وارانہ مضامین کو تعلیمی مضامین کے ساتھ بھی لیا جاسکتا ہے۔

۲۳۔ کیا حکومت ہند کے کامن سروسز مراکز کو این آئی او ایس کے سہولیاتی مراکز کے طور پر کام کرنے کا امتیاز دیا گیا ہے۔

جواب جی ہاں! این آئی او ایس کا سی ایس سی، ای گورننس انڈیا لمیٹڈ، وزارت برائے اطلاعات وتکنالوجی، حکومت ہند کے ساتھ معاہدہ ہے۔ پورے ملک کے کامن سروسز مراکز، این آئی او ایس کے سہولیاتی مراکز کے طور پر کام کرتے ہیں جہاں سے این آئی او ایس کی مختلف لائن سہولیات کو مقررہ شرطوں پر حاصل کیا جاسکتا ہے۔

ان شرطوں کے مطابق رقم طالب علم کی طرف سے ادا کی جائے گی اور یہ این آئی او ایس کی رجسٹریشن فیس سے الگ ہوگی۔

# طالب علم کی ذمہ داریاں......ایک نظر میں

☆ داخلہ کے لیے آن لائن فارم کو ہدایات پڑھے بغیر نہ بھریں۔

☆ داخلہ کے آن لائن فارم میں کسی کالم کو خالی نہ چھوڑیں۔

☆ داخلہ کے فارم کو امدادی دستاویزات کے بغیر جمع نہ کریں۔ براہِ کرم یاد رکھیں کہ داخلہ فیس صرف آن لائن ہی بھیجی جاتی ہے۔

☆ ان غیر قانونی ایجنسیوں سے متاثر نہ ہوں جو طالب علم کی کامیابی کی جھوٹی ضمانت دیتی ہیں۔

☆ ٹرانسفر آف کریڈیٹ کے لیے درخواست بھیجتے ہوئے اصلی (اوریجنل) مارک شیٹ کو جمع کرنا نہ بھولیں۔

☆ آن لائن داخلہ اور امتحان کے لیے کسی کو اضافی رقم نہ دیں۔

☆ ہر مضمون کے لیے پرسنل کانٹیکٹ پروگرام (پی سی پی) میں ضرور حصہ لیں جو AI کو (مطالعاتی مراکز) کو لازمی طور پر فراہم کرنا ہوتا ہے۔

☆ اپنے اسائنمنٹ، رسپونس شیٹ یعنی ٹیوٹر مارکیٹ اسائنمنٹ (ٹی ایم اے) کو اپنے مطالعاتی مراکز پر وقت پر جمع کریں۔

☆ یاد رکھیے کہ امتحان فیس بھی صرف آن لائن ہی جمع کی جاتی ہے۔

☆ طالب علم کو ایس ایم ایس کے لیے درست ای۔میل آئی ڈی اور موبائل نمبر فراہم کرنا چاہیے۔

**اسٹریم۔ فرسٹ بلاک اور سیکنڈ بلاک کے ذریعہ 21-2020 داخلہ لینے والے طالب علم پہلی بار اپریل۔مئی اور اکتوبر۔نومبر 2021ء ہی امتحان دے سکتے ہیں۔**

**این آئی او ایس سے متعلق وہ معلومات جس کی طالب علم کو اپنے مطالعہ کے دوران ضرورت ہے۔ این آئی او ایس کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔**

برائے کرم

www.nios.ac.in

پر لاگ آن کریں

طالب علم جب بھی این آئی او ایس کے مطالعاتی مرکز یا متعلقہ علاقائی مرکز سے رابطہ کرے تو وہ اپنا حوالہ نمبر (ریفرنس) نام اندراج نمبر اور مکمل پتہ کا حوالہ ضرور دیں۔

# فہرست


**1. این آئی اوایس: ایک منفرد واسکولی نظام**

1.1 این آئی اوایس کی خصوصیات اور لچکداریاں

1.2 پروگرامز، کورسیز اور راہیں

1.3 مطالعات کی اسکیم

1.4 پیشہ وارانہ اور تعلیمی کورسز کا تال میل

**2. داخلے**

2.1 آن لائن داخلہ کا طریقہ

2.2 طالب علم کے ذریعہ راست آن لائن داخلہ کا طریقہ

2.3 آرسی/سی ایس سی کے ذریعہ آن لائن داخلہ کا طریقہ

2.4 اندراج کے لیے ضروری چیزیں

2.6 کریڈیٹ کی منتقلی (ٹی او سی)

2.7 دوہرا اندراج اور پارٹ ایڈمیشن

2.8 داخلہ کی فیس کا ڈھانچہ

2.9 داخلہ کی تصدیق

2.10 ای سروس کے ذریعہ داخلہ کے بعد کی دوسری سہولیات

2.11 AI (مطالعاتی مرکز) کے بارے میں

2.12 داخلہ میں غلطی کے سدھار کا طریقہ

**3. این آئی اوایس کا تدریسی طریقہ**

3.1 خود تدریسی مواد

3.2 ذاتی رابطہ پروگرام (پی سی پی)

3.3 آڈیو اور ویڈیو پروگرامز

3.4 مکت وڈیاوانی

3.5 ٹیوٹر مارکٹ اسائنمنٹ (ٹی ایم اے)

3.6 اسٹریم 2.3 اور 4 کے تحت آن لائن داخلہ کے لیے

**4. قدر شناسی نظام**

4.1 عام امتحانات

4.2 مطالبہ پر امتحان کا نظام

4.3 کریڈیٹ کو جمع کرنا

4.4 کارکردگی کی اصلاح

4.5 مارک شیٹ اور سرٹیفکیٹ کا اجرا

4.6 سرٹیفکیشن کی کسوٹی

4.8 جوابی کتابچے کی دوبارہ چیکنگ

4.9 ناجائز ذرائع کا استعمال

4.10 تعلیم اور توثیق کا معیار

4.11 عام امتحانات اور مطالبہ امتحانات کے نتائج میں درستگی کا طریقہ

4.12 این آئی اوایس کے طلباء کے لیے انعامات اور اسکالرشپ

**5. ٹیوٹر مارکٹ اسائنمنٹ (ٹی ایم اے)**

**6. این آئی اوایس کے امتحانات کے سلسلہ میں**

6.1 کارروائی کے لیے ضروری تقاضے

6.2 عام رعایتیں

6.3 مخصوص رعایتیں

**ضیمہ جات**

ضیمہ A: این آئی اوایس کے علاقائی مراکز کی فہرست

ضیمہ B: مختلف ریاستوں میں کامن سروس مراکز (سی ایس سی) کی ترتیب

ضیمہ C: این آئی اوایس کے اوبی ای پروگراموں کو تعلیم کرنے کے سلسلہ میں وزارت برائے انسانی وسائل کا لفظ

ضیمہ D: این آئی اوایس کو امتحانات اور سرٹیفکیشن کا اختیار تفویض کرنے کے وزارت برائے انسانی وسائل کی قرارداد کی نقل

ضیمہ E: این آئی اوایس کے کورسیز کی مساوی حیثیت کے سلسلے میں ایسوسی ایشن آف انڈین یونیورسٹیز کے سرکلر کی نقل

ضیمہ F: این آئی اوایس کے سرٹیفکیٹس کی مساوی حیثیت کے سلسلہ میں فارمیسی کونسل آف انڈیا کی جانب سے جاری کردہ سرکلر کی کاپی

ضیمہ G: میڈیکل کونسل آف انڈیا کی جانب سے جاری کردہ سرکلر کی نقل

ضیمہ H: آرمی ہیڈکوارٹر کمانڈ اور این آئی اوایس کے علاقائی مراکز کا دائرہ اختیار

# نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اوپن اسکولنگ

☆ این آئی او ایس 4.13 ملین اندراج داخلہ (گذشتہ پانچ برسوں کے دوران) کے ساتھ دنیا کا سب سے بڑا اسکولی نظام ہے۔

☆ این آئی او ایس 1991ء سے اب تک سیکنڈری سینئر سیکنڈری کے 3.85 ملین طالب علم کو سرٹیفکیٹ دے چکا ہے۔

☆ 2018-19 میں این آئی او ایس نے مختلف کورسیز میں 6 لاکھ سے زیادہ داخلے کیے۔

☆ این آئی او ایس 23 علاقائی مراکز، دویم علاقائی مراکز، این آئی او ایس کے وسیلوں اور پورے ملک اور بیرونی ملک میں پھیلے ہوئے 7400 مطالعاتی مراکز (AIs/AVIs) کے ذریعہ طالب علموں تک رسائی کرتا ہے۔

☆ این آئی او ایس خود تدریسی پرنٹ مواد ہی آڈیو/ویڈیو پروگراموں کا استعمال کرتے ہوئے جن کو ذاتی رابطہ پروگراموں (PCP) کی مدد حاصل ہے۔ کھلی اور فاصلاتی تعلیم (او ڈی ایل) کے ذریعہ تعلیم فراہم کرتا ہے۔ ان کو ریڈیو نشریات، ٹی۔وی پروگراموں اور مکت، ودیا وانی، این آئی او ایس کی ویب سائٹ پر انٹرنیٹ کے ذریعہ آڈیو اسٹریمنگ کی بھی مدد حاصل رہتی ہے۔

1

# NIOS: اسکولی تعلیم کا ایک منفرد نظام

نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اوپن اسکولنگ (NIOS) کی تشکیل 1989 میں حکومت ہند کی وزارت فروغ انسانی وسائل کے ذریعہ ایک خودمختار ادارے کے طور پر کی گئی تھی۔ یہ ان افراد کو جو اپنی تعلیم جاری رکھنے کے خواہش مند ہیں اور ایک بہترین مستقبل کے مجاز ہیں، تعلیمی مواقع فراہم کرتا ہے۔ NIOS کا مشن یہ ہے کہ سب کو تعلیم فراہم کی جائے، خاص طور پر لڑکیوں اور عورتوں، گاؤں کے نوجوانوں، کام کرنے والی عورتوں اور مردوں درج فہرست ذاتوں/قبیلوں، معذور افراد اور ناموافق حالات کے شکار لوگوں کے لیے جو تعلیم کے رسمی نظام میں کسی ایک یا زیادہ وجوہات کی بنا پر جاری نہیں رکھ سکے۔ ان کی تعلیم کو عام کیا جائے۔ NIOS نے پورے ہندوستان کی جیلوں میں مراکز مطالعہ قائم کرنے اور فیس پوری طرح معاف کرنے کے ساتھ جیل کے قیدیوں کے لیے تعلیم فراہم کرنے کی خاص پہل کی ہے۔ NIOS 23 علاقائی مراکز، دو سب ریجنل مراکز اور ہندوستان، نیپال اور مشرق وسطیٰ میں سات ہزار چار سو سے زیادہ تسلیم شدہ اداروں (AIs) اور تسلیم شدہ ووکیشنل اداروں (AVIs) جنہیں عام طور پر اسٹڈی سینٹر کہا جاتا ہے) کے ایک نیٹ ورک کے ذریعہ عمل کرتا ہے۔ تعلیمی کورسوں میں داخلہ صرف آن لائن کے ذریعہ لیا جاتا ہے۔

## 1.1 NIOS میں حاصل سہولیات اور خصوصیات

- **عمر کی حد:** NIOS میں داخلہ کے لیے زیادہ عمر کی کوئی حد نہیں ہے۔ تاہم سیکنڈری کورس میں اندراج کے لیے کم از کم 14 سال اور سینئر سیکنڈری کورس کے لیے 15 سال کی عمر داخلے کے سال جو جدول۔3 میں اندراج کے لیے مطلوبہ ضروریات کے تحت دی گئی معلومات کے مطابق ہو۔
- **ذریعۂ تعلیم (میڈیم) کا انتخاب**

سیکنڈری سطح پر انگریزی، ہندی اور اُردو، مراٹھی، تیلگو، گجراتی، ملیالم اور اڑیہ اور پنجابی میڈیم سینئر سیکنڈری سطح پر ہندی، انگریزی اور اُردو، بنگالی، اور اڑیہ میڈیم۔

نوٹ: **جدول۔1 میں مطالعات کی اسکیم میں مذکورہ عنوان "Indian Knowledge Tradition" کے تحت سیکنڈری اور سینئر سیکنڈری سطحوں پر مضامین صرف سنسکرت میڈیم میں دستیاب ہیں۔**

**نوٹ: اعلیٰ تعلیم مخصوص کاموں اور متعلقہ بورڈ وغیرہ کے تقاضوں کو ذہن میں رکھتے ہوئے آپ اپنے مضامین کا انتخاب پورے احتیاط کے ساتھ کریں۔**

- **مضامین کا انتخاب:** آپ جدول۔1 میں مطالعہ کی اسکیم میں پیش کیے جانے والے مضامین کی فہرست سے کوئی بھی امتزاج مضمون جدول۔1 کی مطالعات کی اسکیم میں دی گئی کسوٹی۔

اگر آپ اعلیٰ تعلیم کے لیے NIOS کی سرٹیفکیٹ کا استعمال کرنا چاہتے ہیں تو یہ آپ کے مفاد میں ہے کہ آپ NIOS سے سیکنڈری/سینئر سیکنڈری کورس پاس کرنے کے بعد اُن بورڈوں یا یونیورسٹیوں کی مطلوبہ ضروریات کو ذہن میں رکھیں جس میں آپ داخلہ لینا چاہتے ہوں۔


کچھ بورڈ یا یونیورسٹیوں سے ملحقہ اداروں میں داخلے کے لیے مضمون کے مخصوص امتزاج (Combination) کی ضرورت ہوتی ہے جیسا کہ ضمیمہ A اور B میں دیا گیا ہے۔ مثال کے لیے میڈیکل کورس کے لیے مختلف ادارے آپ سے کیمسٹری، فزکس اور بایولوجی/ بایوٹکنالوجی کے امتزاج کی توقع کریں گے یا دو زبانوں کے ساتھ انگریزی کورس کے بجائے A سطح پر انگریزی کے ساتھ کسی دیگر اختیاری مضمون کا استعمال نہیں کرتے۔ وہ طلبا جو کلاس X کے NIOS امتحان کو پاس کرنے کے بعد کلاس XI میں رسمی اسکول بورڈ میں داخلے کے خواہش مند ہیں وہ ان مضامین کا امتزاج (5 یا 6 مضامین میں، جیسی صورت ہو) اختیار کر سکتے ہیں جو NIOS کے حقوق پر اثر انداز ہوئے بغیر ایسے رسمی اسکول بورڈ کے ذریعہ کلاس XI میں قابل قبول ہوں۔

- **اضافی مضامین:** اگر آپ کی خواہش ہو یا آپ کی ضرورت ہو تو آپ داخلے کے وقت یا کورس کے مطالعے کے دوران ایک یا دو اضافی مضامین لے سکتے ہیں۔
- **تعلیمی اور ووکیشنل کورسوں کا امتزاج:** سیکنڈری اور سینئر سیکنڈری سطح پر NIOS کے کورسوں کو زیادہ بامعنی بنانے کے لیے ووکیشنل کورس، اکیڈمک مضامین کے ساتھ ملا کر بھی پیش کیے جاتے ہیں۔ (جدول 2 دیکھیں) ان ووکیشنل کورسوں کو AVIs تسلیم شدہ ووکیشنل ادارے میں لیا جاسکتا ہے اس کے لیے علیحدہ دستور العمل دستیاب ہے۔ تفصیلات کے لیے انہیں دیکھیں۔
- **متواتر جائزہ:** اپنے کورس کے مطالعہ کے دوران آپ ٹیوٹر مارکڈ اسائمنٹ (TMAs) اور ذاتی رابطہ پروگراموں (PCPs) کے ذریعہ داخلی جائزے سے اپنی پیش رفت کے بارے میں جان سکتے ہیں۔
- **داخلے کی لچکدار اسکیم:** آپ مختلف اسٹریم کے تحت آن لائن کے ذریعہ سیدھے یا اپنی پسند کے قریبی اسٹڈی سینٹر/مرکز (NIOS کے منظور شدہ) تسہیل کا وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی، حکومت ہند کے کامن سروس سینٹر کا انتخاب کر کے NIOS میں داخلہ لے سکتے ہیں۔
- **امتحان کی لچکدار اسکیم:** NIOS سال میں دو بار امتحان کا انعقاد کرتا ہے۔ آپ کو اپنے کورسوں کی تکمیل کے لیے پانچ سال کی مدت کے دوران عام امتحان میں بیٹھنے کے نو مواقع مل سکتے ہیں۔ تاہم قدر شناسی اور سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے لیے آپ سیکنڈری سطح پر درج ذیل میں کسی ایک کا انتخاب کر سکتے ہیں۔
  - NIOS کے ذریعہ سال میں دو بار منعقد کیے جانے والے عام امتحانات
  - آن ڈیمانڈ (عند الطلب) امتحان کا نظام (ODES)
  - کچھ مضامین میں عام امتحانات اور دیگر مضامین میں ODES
- **کریڈٹ جمع کرنا:** کسی امتحان میں آپ ایک یا زیادہ مضامین میں شریک ہو سکتے ہیں اور حاصل کریڈٹ کو اس وقت تک جمع کریں گے جب تک کہ مطلوبہ سبھی پانچ مضامین کی سرٹیفکیشن (سند) کے لیے رجسٹریشن سے 5 سال کی مدت کے اندر کامیابی کے ساتھ پورے نہیں ہو جاتے۔
- **کریڈٹ کی منتقلی:** آپ منتخب بورڈوں سے پاس کیے گئے زیادہ سے زیادہ دو مضامین کی کریڈٹ منتقلی (TOC) کی سہولیات سے استفادہ کر سکتے ہیں بشرطیکہ یہ مضامین NIOS کے مطالعات کی اسکیم میں بھی دستیاب ہوں۔ TOC پیرا 2.6 میں دی گئی شرائط کے مطابق دی جاتی ہے۔

- **داخلہ کا جواز:** داخلے کے سال سے آپ زیادہ سے زیادہ پانچ سال کی مدت میں اپنا کورس پورا کر سکتے ہیں۔ سکنڈری اور سینئر سکنڈری سطح پر آپ کو اپنے رجسٹریشن سے 5 سال کی مدت کے دوران کورس کو کامیابی کے ساتھ پورا کرنے کے لیے تقریباً 9 یا اس سے کم بار موقع حاصل کر سکتے ہیں۔
- **جزوی داخلہ:** اس اسکیم کے تحت آپ ایک یا زیادہ مضامین (لیکن چار سے زیادہ نہیں) میں داخلہ لے سکتے ہیں۔ اسے پاس کرنے کے بعد آپ کو صرف مارک شیٹ جاری کی جائے گی۔
- **ناموافق صورتحال کے شکار بچوں کے لیے تعلیم:** جسمانی اور ذہنی طور پر معذور سماجی اور جغرافیائی طور پر الگ تھلگ اور ناموافق صورتحال کے شکار بچوں، جیسے بے گھر بچے، کام کرنے والے بچے، دیہات کی عورتیں اور درج فہرست ذاتوں/قبائل کے لوگوں کی ضروریات کو پورا کرنے کے مقصد سے ہی NIOS کے تسلیم شدہ ادارے کام کرتے ہیں جنہیں ناموافق صورتحال کے شکار لوگوں کی تعلیم کے لیے مخصوص ادارے (SAIED) کہا جاتا ہے۔
- **جیل کے قیدیوں کے لیے مواقع:** جیل کے قیدیوں کے جیل سے رہا ہونے اور اصل دھارا میں انہیں لے آنے کے بعد روزی روٹی کمانے میں ان کی مدد کے خیال سے NIOS نے پورے ہندوستان کی جیلوں میں مراکز مطالعہ قائم کیے ہیں۔ جیل کے قیدیوں کو فیس (داخلہ اور امتحان فیس) میں پوری چھوٹ دی گئی ہے۔

## 1.2 پروگرام، کورسیز اور طریق عمل

NIOS درج ذیل کورس اور پروگرام پیش کرتا ہے:




### NIOS 1.2.1 ورچیوئل اوپن اسکولنگ

نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اوپن اسکولنگ (NIOS) نے طلبا کی تعلیم اور ہنر کے فروغ کے لیے آن لائن کورسوں کے ذریعہ خدمات فراہم کرنے کی غرض سے 15-2014 کے دوران ورچیوئل اوپن اسکولنگ (VOS) کی شروعات کی ہے۔ ورچیوئل اوپن اسکولنگ نظام کے تحت طلباء کو کسی کورس کے آن لائن مطالعے کا موقع حاصل ہوتا ہے اور وہ سرٹیفکیشن کے مقصد سے کریڈٹ حاصل کرتے ہیں۔

NIOS کی ورچیوئل اوپن اسکولنگ (VOS) میں طلباء اور ٹیچروں کے درمیان راست تعامل (بین عمل) کے لیے ایک لرننگ مینجمنٹ سسٹم (LMS)

آن لائن داخلے، مباحثے کا فورم بلاگس (Blogs)، ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعہ آن لائن کلاسیس، آن لائن جائزہ وغیرہ ہے۔

ورچوئل اوپن اسکولنگ (VOS) کے فوائد درج ذیل ہیں:

☆ آن لائن داخلہ، آن لائن مواد، تفویض کو آن لائن جمع کرنا، آن لائن کلاسیس اور آن لائن امتحان

☆ لچک: کہیں بھی اور کسی وقت رسائی

☆ اعلیٰ تعلیم تک رسائی: معیاری اساتذہ اور ساتھیوں تک رسائی، اشتراک سے اضافہ

☆ مضبوط اختراع: یہ تعلیم کے مواقع کی توسیع کرتا ہے۔

حالیہ طور پر NIOS-5 دو ووکیشنل کورسز VOS کے تحت پیش کررہا ہے۔

1. ICT ایپلیکیشن میں سرٹیفکیٹ

2. دیہی ٹیکنالوجی میں ڈپلوما

براہ کرم مزید تفصیلات کے لیے اس لنک یعنی http://vos.nios.ac.in/niosvirtual/VOSProgrammeGuide.pdf سے VOS پروگرام گائیڈ کو ڈاؤن لوڈ کریں۔

تازہ ترین صورتحال جاننے کے لیے NIOS VOS ویب سائٹ: http//vos.nios.ac.in کو دیکھتے رہیں۔

## 1.2.2 آئی ٹی آئی طلباء کے لیے اسکولی تعلیم:

اس اسکیم کے تحت آئی ٹی آئی کے وہ طلباء سیکنڈری اور سینئر سیکنڈری سرٹیفکیٹ حاصل کرسکیں گے جو آئی ٹی آئی اداروں کے ذریعہ تعلیم حاصل کررہے ہیں۔ یا جنھوں نے اپنے آئی ٹی کورسیس کو پورا کرلیا ہے۔ اس سرٹیفکیٹ کو حاصل کرنے کے لیے اپنی چھوٹی سی کوشش کرنے کی ضرورت ہے۔ وہ سیکنڈری اور سینئر سیکنڈری سرٹیفکیٹ کے ساتھ آئی ٹی آئی سے اپنے ٹریڈ سرٹیفکیٹ بھی حاصل کریں گے۔

این آئی او ایس نے وزارت برائے فروغ ہنر اور انٹر پرینیر شپ، حکومت ہند کے ڈائریکٹوریٹ جنرل آف ٹریننگ (ڈی جی ٹی) کے ساتھ اسکیم کی پیش کش کے لیے ایک سمجھوتے پر دستخط کیے ہیں۔ طلباء کو آئی ٹی آئی سے تین کریڈیٹ ملیں گے اور ان کو این آئی او ایس سے مضامین پڑھنے کی ضرورت ہے۔

این آئی او ایس سے دو مضامین میں کامیابی کے بعد امیدوار کو این آئی او ایس کی ٹی او ایس اسکیم کے تحت کمبائنڈ مارک شیٹ دی جائے گی۔ طلباء درج ذیل میں سے انتخاب کرسکتے ہیں۔

a) این آئی او ایس کا ایک لسانی کورس

b) این آئی او ایس کے ذریعہ پیش کردہ ایک تعلیمی کورس

اس سلسلہ میں اور زیادہ تفاصیل کو این آئی او ایس کی ویب سائٹ www.nios.ac.in پر دیکھا جاسکتا ہے۔

## 1.3 مطالعہ کی اسکیم

سیکنڈری اور سینئر سیکنڈری کے لیے مطالعاتی اسکیم جدول۔1 میں پیش کی گئی ہے۔ پاس سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے لیے آپ کو کم سے کم پانچ مضامین میں کامیاب ہونا ضروری ہے جن میں گروپ A سے ایک یا زیادہ سے زیادہ دو زبانیں ہوں اور گروپ B سے دیگر 4-3 مضامین شامل ہوں۔ تاہم، آپ دو زائد مضامین لینے کے لیے آزاد ہیں۔ اس طرح آپ زیادہ سے زیادہ سات مضامین کا انتخاب کرسکتے ہیں۔

## جدول۔ 1: اکیڈمک کورسوں کے لیے مطالعہ اسکیم

### سیکنڈری سطح

| مضمون کا کوڈ | مضمون | |
|---|---|---|
| گروپ 'A' | | |
| (201) | ہندی | |
| (202) | انگریزی | |
| (206) | اردو | |
| (209) | سنسکرت | |
| (203) | بنگالی | ان مضامین کا امتحان ایک ہی دن میں منعقد کیا جائے گا۔ |
| (204) | مراٹھی | |
| (205) | تیلگو | |
| (207) | گجراتی | |
| (208) | کنڑ | |
| (210) | پنجابی | |
| (228) | آسامی | |
| (231) | نیپالی | |
| (232) | ملیالم | |
| (233) | اڑیہ | |
| (235) | عربی | |
| (236) | فارسی | |
| (238) | سندھی | |
| گروپ "B" | | |
| (211) | ریاضی | |
| (212) | *سائنس اور ٹکنالوجی | |
| (213) | سوشل سائنس | |
| (214) | معاشیات | |
| (215) | کاروباری مطالعہ | |
| (216) | *ہوم سائنس | |
| (222) | علم نفسیات | |
| (223) | بھارتیہ ثقافت اور وراثت | |
| (224) | اکاؤنٹینسی | |
| (229) | ڈیٹا انٹری | |
| (242) | ہندوستانی سنگیت | |
| (243) | کارناٹک سنگیت | |
| (245) | ویدادھین | |
| (246) | سنسکرت ویاکرن | |
| (247) | بھارتیہ درشن | |
| (248) | سنسکرت ساہتیہ | |

- گروپ A سے ایک یا دو زبانوں اور گروپ B سے باقی مضامین کے ساتھ پانچ مضامین۔
- ان دونوں گروپوں سے دو زائد مضمون لیے جا سکتے ہیں۔

### سینئر سیکنڈری سطح

| مضمون کا کوڈ | مضمون | |
|---|---|---|
| گروپ 'A' | | |
| (301) | ہندی | |
| (302) | انگریزی | |
| (306) | اردو | |
| (307) | سنسکرت | |
| (307) | گجراتی | ان مضامین کا امتحان ایک ہی دن میں منعقد کیا جائے گا۔ |
| (303) | بنگالی | |
| (304) | تمل | |
| (305) | اڑیہ | |
| (310) | پنجابی | |
| (341) | عربی | |
| (342) | فارسی | |
| (343) | ملیالم | |
| گروپ 'B' | | |
| (311) | ریاضی | |
| (321) | ہوم سائنس | |
| (328) | علم نفسیات | |
| (316) | جغرافیہ | |
| (318) | معاشیات | |
| (319) | کاروباری مطالعہ | |
| (332) | فن مصوری (پینٹنگ) | |
| (336) | ڈیٹا انٹری | |
| (376) | بچے کی ابتدائی دیکھ بھال اور تعلیم | |
| (345) | ویدادھین | ہندوستانی معلومات روایات |
| (346) | سنسکرت ویاکرن | |
| (347) | بھارت درشن | |
| (348) | سنسکرت ساہتیہ | |
| گروپ 'C' | | |
| (312) | فزکس | ان مضامین کا امتحان ایک ہی دن اور ایک ہی وقت پر ہوگا۔ |
| (315) | تاریخ | |
| (333) | ماحولیاتی سائنس | |
| (339) | لائبریری اور انفارمیشن سائنس | |
| گروپ 'D' | | |
| (313) | کیمسٹری | ان مضامین کا امتحان ایک ہی دن اور ایک ہی وقت پر ہوگا۔ |
| (317) | پولیٹیکل سائنس | |
| (335) | ماس کمیونیکیشن | |
| (374) | فوجی مطالعات | |
| گروپ 'E' | | |
| (314) | بائیلوجی | ان مضامین کا امتحان ایک ہی دن اور ایک ہی وقت پر ہوگا۔ |
| (320) | اکاؤنٹینسی | |
| (338) | قانون سے تعارف | |
| (375) | فوجی تاریخ | |
| گروپ 'F' | | |
| (330) | کمپیوٹر سائنس | ان مضامین کا امتحان ایک ہی دن اور ایک ہی وقت پر ہوگا۔ |
| (331) | سوشیالوجی | |
| (337) | سیاحت | |
| (373) | جسمانی تعلیم اور یوگا | |

- گروپ A سے ایک یا دو زبانوں اور گروپ B,C,D,E, اور F سے باقی مضامین کے ساتھ پانچ مضامین۔

نوٹ: 1 ستارے کے نشان والے مضامین میں تھیوری اور پریکٹیکل دونوں ہوں گے۔

## 1.4 ووکیشنل اور اکیڈمک مضامین کا امتزاج

جدول-2 میں درج فہرست علیحدہ پڑھائے جانے والے ووکیشنل مضامین جن کا ذکر جدول-1 کے گروپ B میں نہیں ہے، سے سیکنڈری/سینئر سیکنڈری کورس میں داخلے کے خواہش مند طلبا کسی ایک کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ اس طرح کے مضامین کے لیے علیحدہ داخلہ کسی ایک AVIs میں لیا جاسکتا ہے۔ AVI سے متعلق معلومات ویب سائٹ www.nios.ac.in سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔ اس مضمون میں حاصل کیے گئے پاس کریڈٹ سیکنڈری/سینئر سیکنڈری امتحانات میں اپنی کارکردگی میں درخواست کی بنا پر منتقل کیے جاسکتے ہیں۔ سادے کاغذ پر درخواست NIOS کے ڈائریکٹر (evaluation) کے پاس اصل سیکنڈری/سینئر سیکنڈری مارک شیٹ اور ووکیشنل تعلیمی امتحان کی مارک شیٹ کی فوٹو کاپی کے ساتھ دی جانی چاہیے۔

### جدول-2 تعلیمی کورس کے ساتھ امتزاج میں پیش کیے گئے ووکیشنل کورسیز کی فہرست

**سیکنڈری سطح پر**

| نمبر شمار | کوڈ | مضمون | نمبر شمار | کوڈ | مضمون |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | (217) | ٹائپ رائٹنگ (ہندی) | 6 | (254) | بایوگیس ٹیکنیشن |
| 2 | (218) | ٹائپ رائٹنگ (انگریزی) | 7 | (255) | لونڈری سروس |
| 3 | (221) | ٹائپ رائٹنگ (اردو) | 8 | (256) | بیکری اور کنفیکشنری |
| 4 | (252) | کارپینٹری | 9 | (257) | ویلڈنگ ٹکنالوجی |
| 5 | (253) | سولر انرجی ٹیکنیشین | | | |

**سینئر سیکنڈری سطح پر**

| نمبر شمار | کوڈ | مضمون | نمبر شمار | کوڈ | مضمون |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | (322) | ٹائپ رائٹنگ (ہندی) | 10 | (355) | الیکٹروپلیٹنگ |
| 2 | (323) | ٹائپ رائٹنگ (انگریزی) | 11 | (356) | ہاؤس کیپنگ |
| 3 | (324) | ٹائپ رائٹنگ (ہندی) | 12 | (357) | کیٹرنگ مینجمنٹ |
| 4 | (325) | ٹائپ رائٹنگ (انگریزی) | 13 | (358) | فوڈ پروسسنگ |
| 5 | (326) | سیکریٹریل پریکٹس | 14 | (360) | ہوٹل فرنٹ آفس آپریشن |
| 6 | (329) | اسٹینوگرافی (اردو) | 15 | (361) | پولٹری فارمنگ |
| 7 | (364) | ٹائپ رائٹنگ (اردو) | 16 | (362) | سوئل اینڈ فرٹیلائزر |
| 8 | (351) | پلانٹ پروٹیکشن | 17 | (363) | پریزرویشن آف فروٹ اینڈ ویجیٹیبلس |
| 9 | (354) | فرنیچر اور کیبنٹ میکنگ | | | |

**اہم اطلاع:** این آئی او ایس کے ذریعہ جاری کردہ سرٹیفکیٹس کا جہاں تک تعلق ہے ان کو اعلیٰ تعلیم حکومتی ملازمتوں اور دیگر تمام مقاصد کے لیے تسلیم کیا جاتا ہے۔ این آئی او ایس کے ذریعہ جاری کردہ سرٹیفکیٹس کو تمام قومی/ ریاستی بورڈوں اور یونیورسٹیوں میں تسلیم کیا جاتا ہے۔ NIOS میں داخلہ حاصل کرنے والے سیکھنے والے کو مطلوبہ بورڈ کے قابل اہلیت کے تازہ ترین معیار سمجھنا چاہیے۔

# 2

## داخلہ

طالب علموں کے متنوع گروپوں کی ضروریات کو پورا کرنے کی غرض سے این آئی او ایس چار اسٹریموں میں پورے سال آن لائن داخلہ کی سہولت فراہم کرتا ہے۔ان اسٹریموں کی تفاصیل اور آن لائن داخلہ کا طریقہ کار حسب ذیل ہے۔

### 2.1 آن لائن داخلہ کا طریقہ کار

طلباء کے لیے داخلہ کی رجسٹریشن کو آسان بنانے کی غرض سے این آئی او ایس نے اپنی ویب سائٹ www.nios.ac.in اور اسٹوڈنٹس پورٹل کے ذریعہ 100 فی صد آن لائن داخلہ کی سہولت فراہم کی ہے۔

اس اسکیم کے تحت طالب علم کے پاس چار متبادل ہیں:

(i) سیکشن 2.2 میں دیئے گئے طریقہ کار پر عمل کرتے ہوئے راست طور پر آن لائن رجسٹریشن

(ii) اپنے قریبی AI (مطالعاتی مرکز) سے رابطہ اور ان سے آن لائن رجسٹریشن میں مدد لینا۔تعلیم شدہ اداروں (AI) کی فہرست این آئی او ایس کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔

(iii) این آئی او ایس کے متعلقہ علاقائی مرکز میں جانا اور آن لائن رجسٹریشن میں ان کی مدد لینا،علاقائی مراکز کی فہرست ضمیمہ -A میں دی گئی ہے۔

(iv) کامن سروسز سینٹر (سی ایس سی) جو وزارت اطلاعات تکنالوجی کے تحت ہے،اُسی میں جائیں،سی ایس سی کی فہرست جس کو مختلف ریاستوں میں جانا جاتا ہے۔اُس کی فہرست ضمیمہ -B میں دی گئی ہے۔

طالب علموں کی مختلف ضروریات کو پورا کرنے کے لیے آن لائن داخلہ کی یہ چار اسٹریم ہیں۔ان چار اسٹریموں میں داخلہ باہم طور پر مختلف ہے۔طالب علم ان میں سے صرف ایک اسٹریم کا انتخاب کر سکتا ہے۔

**2.1.1 سبھی طلباء کے لیے آن لائن داخلہ (اسٹریم-1):** سیکنڈری اور سینئر سیکنڈری داخلوں کے لیے مقررہ لیاقتی معیار کے مطابق سبھی طلباء اس اسٹریم میں آن لائن داخلہ لے سکتے ہیں۔اسٹریم-1 کے لیے پورے سال (24x7) آن لائن داخلہ کی تاریخیں حسب ذیل ہیں:

| آن لائن داخلہ کے لیے بلاک | آن لائن داخلہ کے لیے تاریخ اسٹریم-1 | فیس | وہ امتحان جس میں طالب علم پہلی مرتبہ شریک ہوسکتا ہے |
|---|---|---|---|
| بلاک-1 | 16/مارچ سے 31/جولائی 2020 | تاخیر فیس کے بغیر | اپریل-مئی 2021ء |
| | یکم اگست سے 15/اگست | 200 روپے کی تاخیر فیس کے ساتھ | |
| | 16/اگست سے 13/اگست 2020 | 400 روپے کی تاخیر فیس | |
| | یکم ستمبر 15/ستمبر 2020 | 700 روپے کی تاخیر فیس | |
| بلاک-2 | 16/ستمبر 2020 سے 31/جنوری 2020 | تاخیر فیس کے بغیر | اکتوبر-نومبر 2021ء |
| | یکم فروری سے 15/فروری 2021ء | 200 روپے تاخیر فیس خاتمہ | |
| | 16/فروری سے 28/فروری 2021ء | 400 روپے تاخیر فیس | |
| | یکم مارچ-15/مارچ 2021ء | 700 روپے تاخیر فیس | |

طلباء کو داخلہ کی توثیق کے لیے آن لائن داخلہ فارم میں فراہم جگہ پر متعلقہ/امدادی سرٹیفکیٹوں کا اندراج کرنا ہوگا اور اپنا فوٹو دینا ہوگا۔ ان طلباء کو جنہوں نے کریڈیٹ منتقلی (ٹی او سی) کے لیے درخواست دی ہو، ضمیمہ-A کے مطابق متعلقہ علاقائی مرکز کو داخلہ فارم کے ساتھ حوالہ نمبر/اندراج نمبر کا حوالہ دیتے ہوئے فیل کی اصل مارک شیٹ بھیجنی ہوگی۔ اسٹریم-1 کے تحت طالب علم اپنے ذریعہ دی گئی ترجیح اور AI میں فراہم سیٹ کی موجودگی کے مطابق اس AI (مطالعاتی مرکز) سے وابستہ ہو جائے گا۔

2.1.2 **اکتوبر-نومبر 2020ء کے امتحانات (اسٹریم-2) میں شریک ہونے کے خواہشمند طلباء کے لیے آن لائن داخلہ:** آن لائن داخلہ کے لیے یہ اسٹریم 01-05-2020 سے 30-06-2020 تک ان طلباء کے لیے کھلی رہتی ہے جنہوں نے تسلیم شدہ بورڈوں سے سیکنڈری امتحان پاس کیا ہے اور اپنی تعلیمی لیاقت میں اضافہ کرنے کے لیے ایک مصنوعی یا 4 مضامین تک میں داخلہ لینا چاہتے ہیں یا یہ ان طلباء کے لیے ہے جنہوں نے امتحان تو دیا تھا لیکن کامیاب نہیں ہو سکے۔ یا یہ ان طلباء کے لیے ہے جو اہل تو تھے لیکن سیکنڈری/سینئر سیکنڈری کے کسی تسلیم شدہ امتحان بورڈ کے عام امتحان میں شریک نہیں ہو سکے اور ان کو ٹیبل-3 کے مطابق اپنی عمر اور اپنے پتے کے ثبوت کو بھرنا ہوگا۔ طلباء کی داخلہ کی تصدیق کے لیے متعلقہ/امدادی سرٹیفکیٹوں اور آن لائن داخلہ فارم میں دی گئی جگہ پر اپنے فوٹو کو لگانے کے ساتھ فیل مارک شیٹ/ایڈمٹ کارڈ (ہال ٹکٹ) کو بھی اپ لوڈ کرنا ہوگا۔ ان طالب علموں کو جنہوں نے کریڈیٹ کی منتقلی کی درخواست دی ہے حوالہ نمبر کے ساتھ فیل کی اپنی اصل مارک شیٹ کو ضمیمہ-A کے مطابق اپنے داخلہ فارم کے ساتھ این آئی او ایس کے متعلقہ علاقائی مرکز کو بھیجنا ہوگا۔ اس اسٹریم کا طالب علم اکتوبر-نومبر 2020ء میں این آئی او ایس کے سیکنڈری/سینئر سیکنڈری/امتحان میں شریک ہو سکتا ہے۔

2.1.3 آن ڈیمانڈ امتحانی سسٹم (او ڈی ای ایس، اسٹریم-3) کے تحت امتحان میں شرکت کے لیے خواہش مند طلباء کے آن لائن داخلہ، آن لائن داخلہ کی یہ اسٹریم ان طلباء کے لیے پورے سال کھلی ہوئی ہے جو تسلیم شدہ بورڈ سے سیکنڈری امتحان پاس کر چکے ہیں اور اپنی تعلیمی لیاقت میں اضافہ کرنے کے لیے ایک مضمون یا زیادہ سے زیادہ چار مضامین میں جزوی داخلہ لینا چاہتے ہیں یا یہ ان طلباء کے لیے ہے جو امتحان میں شریک ہوئے تھے لیکن پاس نہیں ہو سکے یا یہ ان طلباء کے لیے ہے جو امتحان میں شریک ہونے کے اہل تھے لیکن کسی تسلیم شدہ بورڈ سے سیکنڈری سطح کے عام امتحان میں شریک نہیں ہو سکے اور این آئی او ایس کے آن ڈیمانڈ امتحان نظام کے ذریعہ سیکنڈری سطح کے امتحان میں شریک ہونا چاہتے ہیں۔ انہیں ٹیبل-3 کے مطابق تجربے کے ثبوت پیش کرنے ہوں گے۔ طلباء کو داخلہ کی تصدیق کے لیے فیل کی مارک شیٹ/ایڈمٹ کارڈ (ہال ٹکٹ) کے ساتھ متعلقہ امدادی دستاویزات پیش کرنی ہوں گی اور آن لائن داخلہ فارم پر دی گئی جگہ اپنی تصویر لگانی ہوگی۔ ان طالب علموں کو جنہوں نے کریڈیٹ کی منتقلی کے لیے درخواست دی ہے حوالہ نمبر کے ساتھ فیل کی اصل مارک شیٹ داخلہ فارم کے ساتھ آن لائن داخلہ سیل کو بھیجنی ہوگی۔ یہ دستاویزات آن لائن داخلہ سیل، این آئی او ایس، روم نمبر 408 A-24-25 انسٹی ٹیوشنل ایریا، سیکٹر-62 نوئیڈا-201309 اتر پردیش کے پتے پر بھیجے جائیں گے۔ سیکنڈری سطح کے لیے او ڈی ای ایس کے ذریعہ فی الوقت دستیاب مضامین ہندی (201) انگریزی (202) سنسکرت (209) ریاضی (211) سائنس و ٹکنالوجی (212) سوشل سائنس (213) معاشیات (214) کاروباری مطالعات (215) ہوم سائنس (216) نفسیات (222) ہندوستانی ثقافت اور ورثہ (223) پینٹنگ (225) اور ڈیٹا انٹری آپریشن (229) ہیں۔

2.1.4 آن لائن داخلہ ایسے طالب علموں کے لیے جو سینئر سیکنڈری سطح پر این آئی او ایس کی جب چاہو تب امتحان (ODES) اسکیم کے تحت (اسٹریم-4) میں بیٹھنا چاہتے ہیں:

یہ اسکیم ایسے طالب علموں کے لیے سال بھر کھلی رہتی ہے جو پہلے سے ہی کسی تسلیم شدہ بورڈ/یونیورسٹی سے سینئر سیکنڈری یا اُس سے اوپر اعلیٰ تعلیم حاصل

کر چکے ہیں اور اپنی قابلیت میں مزید اضافہ کرنے کے لیے کسی مضمون یا 4 مضامین میں داخلہ لے سکتے ہیں، اور جنھوں نے کسی بھی تسلیم شدہ بورڈ سے سیکنڈری سطح پر امتحان دیا مگر پاس نہیں ہو سکے یا جس امتحان میں بیٹھنے کے لائق تھے مگر پبلک امتحان میں بیٹھ نہیں سکے اور وہ سینئر سیکنڈری سطح پر اُن ہی مضامین میں این آئی او ایس کی 'جب چاہو تب امتحان' اسکیم میں بیٹھنا چاہتے ہیں اور جدول 3 کے مطابق عمر، پتے کے تصدیق نامے کے مطابق داخلہ کی شرط پوری کرتے ہوں۔ جن طلباء نے کریڈٹ (TOC) کی منتقلی کے لیے درخواست دی تھی، اُن کو ریفرنس نمبر/اندراج نمبر کے ساتھ اصل فیل مارکشیٹ بھیجنی ہے، جس کے ساتھ ساتھ آن لائن سیل، روم نمبر 408، A-24-25 انسٹی ٹیوشنل ایریا سیکٹر۔62، نوئڈا اُتر پردیش۔201309 کو ایڈمیشن فارم کے ساتھ حوالہ نمبر/اندراج نمبر بھی شامل کرنا ہے۔

**سینئر سیکنڈری سطح پر (ODES) کے ذریعہ امتحان دینے کے لیے موجودہ مضامین یہ ہیں:**

ہندی (301)، انگلش (302)، سنسکرت (309)، ریاضی (311)، فزکس (312)، کیمسٹری (313)، بائلوجی (314)، تاریخ (315)، جغرافیہ (316)، پولیٹیکل سائنس (317)، معاشیات (318)، بزنس اسٹڈی (319)، اکاؤنٹنسی (320)، ہوم سائنس (321)، علم نفسیات (328)، سوشولوجی (331)، پینٹنگ (332)، ماحولیاتی سائنس (333)، ماس کمیونیکیشن (335)، ڈاٹا انٹری آپریشنز (336) اور انٹروڈکشن ٹولاء (338)

نوٹ: **اس طالب علم کو جس نے اسٹریم-3 اور اسٹریم-4 کے تحت رجسٹریشن کرایا ہے صرف آن لائن امتحانی بورڈ کے ذریعہ امتحان دینے کی اجازت ہوگی۔** اسے این آئی او ایس کے ذریعہ اکتوبر/نومبر اور اپریل/مئی میں کرائے جانے والے عام امتحان میں شرکت کی اجازت نہیں ہوگی۔

(ii) وہ طالب علم جس نے کسی بھی اسٹریم کے تحت رجسٹریشن کرایا ہے سیکشن 2.6 میں درج رہنما خطوط اور شرائط کے مطابق کریڈیٹ کی منتقلی کا حقدار ہوگا۔

(iii) اس طالب علم کو جس نے اسٹریم-1، اسٹریم-2، اسٹریم-3، اسٹریم-4 کے تحت رجسٹریشن کرایا ہے اور اپنی پیرنٹ اسکولی بورڈ سے مختلف مضامین یا اضافی مضامین لینے کا خواہش مند ہے، داخلہ/رجسٹریشن فیس، امتحانی فیس، ٹی او سی فیس کے ساتھ فی مضمون 720 روپے کی فیس کی ادائیگی کرنی ہوگی۔

(iv) تصدیق کے لیے ضروری دستاویز: طالب علم کو تصدیق کے لیے آدھار کارڈ نمبر، آدھار اندراج نمبر، پاسپورٹ نمبر، راشن کارڈ نمبر، کھاتہ نمبر یا حکومت کے ذریعہ کردہ کسی بھی شناخت میں سے کوئی ایک کا انتخاب کرنا ہوگا۔ بطور ثبوت آپ ان میں کسی ایک دستاویز کی اصل کی اسکین کی ہوئی کاپی کو تصدیقی طریقہ کے مطابق اپ لوڈ کرنا ضروری ہے۔

## 2.2 آن لائن داخلہ کا طریقہ کار

مندرجہ بالا چار اسٹریموں کے سلسلہ میں آن لائن داخلہ کا طریقہ کار درج ذیل ہے۔

2.2.1 این آئی او ایس کی ویب سائٹ www.nios.ac.in یا این آئی او ایس کے اسٹوڈنٹ پورٹل پر لاگ آن کیجیے اور ہدایات اور طریقہ کار کو بغور پڑھیے اور ٹیبل-3 میں درج اندراج کے تقاضوں کے مطابق ضروری تفاصیل، اسکین کی ہوئی نقول، تصویر پر دستخط اور متعلقہ دستاویزات کو آن لائن داخلہ فارم بھرنے سے پہلے تیار رکھیے۔ آپ کو اپنا درست موبائل نمبر اور درست ای۔میل آئی ڈی کو تیار رکھنا چاہیے۔

2.2.2 طالب علم کو درج ذیل دستاویزات کی اسکین کی ہوئی اصل کلر نقول کو بھی تیار رکھنا چاہیے جن کی سیکنڈری یا سینئر سیکنڈری کورسوں میں داخلہ کے رجسٹریشن کراتے وقت ضرورت ہوگی۔

☆ حالیہ پاسپورٹ سائز کلر فوٹوگراف

☆ طالب علم کے دستخط (بہتر ہوگا اگر کالی روشنائی سے)

☆ آدھار نمبر، آدھار اندراج نمبر، پاسپورٹ نمبر، راشن کارڈ نمبر، بنک کھاتہ نمبر یا دیگر کوئی بھی مصدقہ حکومتی شناختی کارڈ وغیرہ درست شناختی ثبوت کے طور پر

☆ سیکنڈری کورس کے لیے تاریخ پیدائش کا مصدقہ ثبوت (پیدائش کا سرٹیفکیٹ یا پاسپورٹ یا ٹرانسفر سرٹیفکیٹ/ اسکولی لیونگ سرٹیفکیٹ یا آدھار کارڈ جس میں تاریخ پیدائش dd | mm | yyyy فارمیٹ میں درج ہو)

☆ رہائش کے مصدقہ ثبوت (مثلاً راشن کارڈ، آدھار کارڈ یا لنک کے ذریعہ اس کے لیٹر ہیڈ پر دیا گیا تقرری خط، یا پانی، بجلی، ٹیلی فون کا بل/ چالو بنک کھاتہ کا اسٹیٹمنٹ، ٹیکس اسٹیٹمنٹ آرڈر، الیکشن کمیشن کا جاری کردہ ووٹر شناختی کارڈ، نابالغ کے معاملہ میں والدین کا پاسپورٹ اگر کرائے کے مکان میں رہائش ہے تو موجودہ کرایہ ایگریمنٹ کے ساتھ منتقلی پتہ کا ثبوت)

☆ 8ویں کلاس کی مارک شیٹ (سیکنڈری کورس کے معاملہ یں)10ویں کلاس کی مارک شیٹ/ سرٹیفکیٹ (سینئر سیکنڈری کے معاملہ میں)

☆ سماجی زمرہ/ کاسٹ سرٹیفکیٹ (اس صورت میں کہ طالب علم کا تعلق ایس سی/ ایس ٹی/ او بی سی سماجی زمرہ سے ہے)

☆ سابق فوجی کا سرٹیفکیٹ (سابق فوجی ہونے کی صورت میں)

☆ طالب علم کے اسٹریم 2/3/4 میں رجسٹریشن کی صورت میں اسکولی امتحان کے پیرنٹ بورڈ کے ذریعہ جاری کردہ فیل مارک شیٹ کی اصل اسکین کاپی

### 2.2.3 آن لائن درخواست فارم نمبر کے لیے مرحلے:

☆ طلباء کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے آن لائن داخلہ کی چار اسٹریم ہیں۔ ان چار اسٹریم میں داخلے باہمی طور پر الگ الگ ہیں یعنی طالب علم ان میں سے صرف ایک کا انتخاب کرسکتا ہے۔ ہدایات کو پڑھنے کے بعد ''رجسٹر'' کے بٹن پر کلک کریں۔ اس سے بعض دوسری اہم ہدایات ''اسکرین پر آئیں گی اور ان کے ساتھ ایک اعلامیہ ہوگا۔ ہدایات/ اعلامیہ کو دھیان سے پڑھیں اور پھر ''پروسیڈ'' کے بٹن پر کلک کریں۔ اگر طالب علم اس عمل کو جاری نہیں رکھنا چاہتے ہوتو وہ ''کینسل'' کے بٹن پر کلک کرسکتا ہے۔

☆ اس ریاست/ یونٹی علاقہ کا انتخاب کیجیے جس سے طالب علم کا تعلق ہو۔

☆ اس شناختی ٹائپ کا انتخاب کیجیے جس کے ذریعہ طالب علم اپنی شناخت کی تصدیق کرنا چاہتا ہے۔ طالب علم شناختی ٹائپ کی دی گئی فہرست میں سے کسی ایک کا انتخاب کرسکتا ہے مثلاً آدھار نمبر، آدھار اندراج، شناخت (جوان لوگوں کو دیا جاتا ہے جنہوں نے آدھار نمبر کے لیے اندراج کرایا ہو لیکن انہیں ابھی آدھار نمبر نہ ملا ہو) پاسپورٹ نمبر، راشن کارڈ نمبر، بنک کھاتہ نمبر، تاریخ پیدائش کا سرٹیفکیٹ یا کوئی بھی مصدقہ شناختی ثبوت وغیرہ)

☆ شناختی دستاویز کا نمبر ٹائپ کریں۔ اسی نمبر کی تصدیق کی جائے گی۔ امیدوار کو نتیجہ اصل شناختی دستاویز کی الیکشن کردہ کلر کاپی بھی اپ لوڈ کرنے کی ضرورت ہے۔

☆ اس کورس (سیکنڈری/سینئر سیکنڈری) کا انتخاب کریں جس میں داخلہ لینے کا ارادہ ہو۔

☆ آدھار نمبر کی تصدیق اپنے آپ میں ایک مکمل طریقہ ہے اپنے فارم کے ساتھ فراہم کردہ آدھار نمبر (جو آدھار کارڈ پر چھپا ہوتا ہے) اور صنف (جو آدھار کاڈر پر چھپی ہوتی ہے) کی تصدیق آدھار کارڈ جاری کرنے کے محکمہ سے کی جاتی ہے۔ (یونیک آئی ڈینٹی فکیشن آف انڈیا)

☆ اگر رجسٹریشن میں دی گئی کوئی معلومات ( آدھار نمبر نام اور صنف ) آدھار کارڈ سے میل نہیں کھاتی تو تصدیق عمل فیل ہو جائے گی اور طالب علم کو داخلہ فارم بھرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

☆ ڈیٹا کی کامیاب تصدیق کے بعد طالب علم کی ابتدائی معلومات کے ساتھ دوبارہ داخلہ فارم کی طرف رہنمائی کی جائے گی۔

☆ داخلہ کے لیے درخواست کا فارم سیکوینس مثلاً ابتدائی تفاصیل، انتخابی تفاصیل، مضامین کا انتخاب، مطالعاتی مرکز کا انتخاب اور دستاویزی سیکشن میں تقسیم ہے۔

☆ این آئی او ایس میں داخلہ لینے والے امیدوار کا نام بھریے اس کی تاریخ پیدائش، صنف، آدھار نمبر، مصدقہ حکومتی شناختی نمبر، درست موبائل نمبر اور درست ای۔میل پتہ بھریے۔

☆ جنریٹ او ٹی پی بٹن پر کلک کیجیے تا کہ آپ کو آپ کے موبائل نمبر اور ای میل ایڈریس پر ون ٹائم پاس ورڈ موصول ہو سکے۔

**نوٹ:** اس مرحلہ پر طالب علم کے لیے یوزر نام اور پاس ورڈ جاری کیا جائے گا اور اس کی تفاصیل درست ای میل ایڈریس پر بھیجی جائیں گی جو طالب علم کی ابتدائی تفاصیل میں درج ہوگا۔ اس ای۔میل میں آگے کے عمل کے لیے ہدایات بھی شامل رہیں گی۔ استعمال کنندہ کی سند (استعمال کنندہ کا نام اور پاس ورڈ) کو محفوظ رکھیے۔

☆ موبائل نمبر اور ای میل ایڈریس کی کامیاب تصدیق کے بعد طالب علم کو مستقل ایڈریس اور پوسٹل ایڈریس جیسی تفاصیل کو بھرنے کی اجازت ہوگی۔ اس کے علاوہ سماجی زمرہ/ذات اور تعلیمی میڈیم کی تفاصیل بھی بھری جاسکتی ہیں۔

☆ دوسرے سیکشن میں انتخابی تفاصیل مثلاً خاندانی آمدنی، باپ اور ماں کی تعلیمی لیاقت وغیرہ بھی بھری جاسکتی ہیں۔

☆ اس صورت میں کہ طالب علم سینئر سیکنڈری کورس کے لیے رجسٹریشن کرا رہا ہے تو اس کو اپنی گذشتہ تعلیمی لیاقت (دسویں کلاس) کی تفاصیل بھی بھرنا ہوں گی۔

☆ بورڈ کا نام رول نمبر اور اس سال کا حوالہ دیجیے جس میں آپ آخری امتحان میں شریک ہوئے ہوں۔

☆ بورڈ امتحان کے لیے مطالعہ کیے گئے مضامین کا انتخاب کیجیے۔ ہر نتیجہ مضمون کے لیے تھیوری اور پریکٹیکل میں حاصل کردہ نمبروں کی وضاحت کیجیے۔

☆ ان مضامین کا انتخاب کیجیے جن کا مطالعہ آپ این آئی او ایس میں کرنا چاہتے ہیں اور ان مضامین کی وضاحت کیجیے جن کے لیے آپ کریڈیٹ کی منتقلی چاہتے ہیں۔ ٹی او سی کے لیے مضامین کا انتخاب این آئی آر ایس کے قواعد ومنسوب کے مطابق ہوگا۔

☆ اگلے سیکشن میں مطالعاتی مرکز کا انتخاب کیجیے۔ طالب علم تین ترجیحات کا انتخاب کرسکتا ہے۔ مطالعاتی مرکز اس کے ذریعہ نتیجہ ریاست اور ضلع کے مطابق فراہم کیا جائے گا۔ مطالعاتی مرکز اس میں سیٹوں کی موجودگی کی بنیاد پر غور کا نظام کے ذریعہ مختص کیا جائے گا۔ انتخاب کے لیے مطالعاتی مرکز طالب علم کے ذریعہ مختلف انتخابات مثلاً کورس میڈیم اور صنف وغیرہ کی بنیاد پر فراہم کیا جائے گا۔

**نوٹ**

طالب علم کو داخلہ فارم کی اور دستاویزات کی ہارڈ کاپی بھیجنے کی ضرورت نہیں ہے۔ لیکن مطلوبہ دستاویزات اصلی اسکین شدہ کاپی آن لائن بھیجنا لازمی ہے۔ اگر این آئی او ایس کی افتتاحیہ کو ضرورت ہوتی ہے یا آن لائن جمع کیے گئے درخواست فارم/دستاویزات میں کوئی کمی پائی جاتی ہے تو طالب علم کو دستاویزات اور تصویر کے ساتھ چھپا ہوا درخواست فارم جمع کرنا ہوگا۔ اس کے بارے میں طالب علم کو ای میل اور ایس ایم ایس کے ذریعہ مطلع کیا جائے گا۔

# نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اوپن اسکولنگ (این آئی او ایس)

## سیکنڈری اور سینئر سیکنڈری کورس میں آن لائن داخلہ کے طریقہ کار کا تصویری خاکہ

- sdmis.nios.ac.in کے پورٹل پر وزٹ کریں
- رجسٹر کے بٹن پر کلک کریں
- ہدایات کو پڑھیں اور پروسیڈ کے بٹن پر کلک کریں
- پروسیڈ پر کلک کریں
- ریاست کا انتخاب کریں

- ہدایات کو پڑھیں
- داخلہ کے لیے درخواست فارم اسکرین پر آئے گا
- جس کورس کے لیے آپ داخلہ لینا چاہتے ہیں:
  ۱۔ سیکنڈری، ۲۔ سینئر سیکنڈری
  سیکنڈری کا انتخاب کریں اور سب مٹ پر کلک کریں
- نتیجہ شناختی ٹائپ کے نمبر کو انٹر کریں اس نمبر کی تصدیق کی جائے گی۔ اگر آدھار نمبر دیا گیا ہے تو نام کے ساتھ اس کی تصدیق UIDAI سے کی جائے گی۔
- شناختی ٹائپ کو منتخب کیجیے (آدھار نمبر، آدھار اندراج نمبر) پاسپورٹ، راشن کارڈ، بنک کھاتہ نمبر کوئی دوسری مصدقہ شناخت

- داخلہ فارم کے چار سیکشن ہیں
  ۱۔ بنیادی معلومات
  ۲۔ امتیازی معلومات
  ۳۔ مضامین کا انتخاب
  ۴۔ مطالعاتی مرکز کا انتخاب
- بنیادی تفاصیل کو تین سیکشن میں تقسیم کیا گیا ہے
  ۱۔ بنیادی تفاصیل
  ۲۔ پتہ
  ۳۔ دیگر معلومات
